# پس منظر نامہ

Ministry of the
Attorney General

وزارت اٹارنی جنرل

نومبر 15، 2006ء

## انسانی حقوق کے نظام کو مضبوط بنانے کیلئے تجویز کردہ ترامیم

میک گوئنٹی حکومت (Mcguinty government)بل **107** کی قدروقیمت میں اضافے کی تجویز پیش کر رہی ہے ، انسانی حقوق کے قواعد وضوابط میں ترمیم ایکٹ 2006ء (Human Rights Code Amendment Act, 2006)، جو اپریل 2006ء میں متعارف کروایا گیا تھا ۔ اگر پاس ہوگیا،تو یہ قانون اونٹاریو کے 40 سالہ پرانے انسانی حقوق کے نظام کوجدید اور مضبوط بنا دے تاکہ وہ شکایات کو تیز اور زیادہ اثر انگیز طور پر حل کر سکے ، جبکہ تعصب کو روکنے پر مرکوز رہے۔

تجویز کردہ قانون کے تحت ، اونٹاریو ہیومن رائٹس کمیشن کا کردار ماضی اور حال کی تدابیر پر مرکوز رہے گا، جیسے کہ عوامی تعلیم، پروموشن، عوامی پیروکاری، تحقیق اور نگرانی ، تاکہ اونٹاریو میں نظامی تعصب ، مع معذوری والے افرادکیلئے رکاوٹیں اور نسلی تعصب سے نمٹا جاسکے ۔ شکایات کا نیا طریقہ کار جاری کیا جائے گا، جس میں انفرادی دعوی جات براہ راست ہیومن رائٹس ٹریبونل آف اونٹاریو میں داخل کئے جاسکیں گے ۔ قانونی اور پیروکاری کی خدمات دونوں ان لوگوں کی مدد اور انہیں اختیار دینے کیلئے جاری کی جائیں گی جو ٹریبونل کے سامنے مشکلات کے حل کیلئے جائیں گے۔

بل میں کلیدی ترامیم میسر قانونی خدمات کے سلسلے کو مضبوط بنانا، کمیشن کی خودمختاری کو بہتر بنانا ، اس کی تفتیشی اور عوامی فائدے کے اختیارات کو مضبوط بنانا ، اور ٹریبونل کے طریقہ کار کو زیادہ منصفانہ بنانے کو بڑھانا ہے۔

**قانونی مدد کی خدمات کے سلسلے کو محفوظ بنانے کیلئے مجوزہ ترامیم :**

- وضع کردہ قوانین میں انسانی حقوق کا ایک قانونی سپورٹ سینٹر
- وضاحت اور اس بات کو یقینی بنانا کہ قانونی مدد کی خدمات کا ایک سلسلہ فراہم کیا جائے گا، جیسے کہ معلومات، مشورہ، مدد اور قانونی نمائندگی
- انسانی حقوق کے قانونی سپورٹ سینٹر میں عوامی سرمائے کو یقینی بنانا
- صوبے بھر میں فراہمی کہ خدمات میسر ہوں گی ، کہاں درکار ہیں
- اس بات کی فراہمی کہ کوئی فرد کون ہے، کہاں رہا ہے ، یا ہو سکتا ہے کہ کوئی درخواست دہندہ جو ٹریبونل میں حل کا متلاشی ہو خدمات کے لئے اہل ہو ۔

**کمیشن کی خودمختاری میں بہتری کیلئے مجوزہ ترامیم میں مندرجہ ذیل شامل ہیں :**

- کمیشن سےمجلس قانون ساز کے ذریعے اونٹاریو کے لوگوں کو براہ راست جوابدہی کروانا
- اس بات کو یقینی بناناکہ مقرر کردہ کمشنروں کو ، پہلی دفعہ ، انسانی حقوق میں مہارت حاصل ہو

- اس بات کی تصدیق کرنا کہ جب وہ کسی بھی عمل کیلئے ذمہ داری لیتا ہے، توکمیشن خو دمختاری سےعوامی فائدے اور اپنی صوابدید پر کام کرتاہے۔

**کمیشن کے تفتیشی اور عوامی فائدے والے اختیارات کو مضبوط بنانے کیلئے مجوزہ ترامیم میں مندرجہ ذیل شامل ہوں گے:**

- اس بات کو یقینی بنانے کیلئے کمیشن کے اختیارات کی وضاحت کہ اس کے اندر کسی بھی معاملے میں انکوائری کرنے ، دستاویزات کی پڑتال، لوگوں سے سوالات کرنے، اور اپنی انکوائری کے ساتھ تعاون کروانے کی صلاحیت ہوگی
- وضاحت کرنا کہ کمیشن کے پاس ٹریبونل کے آگے پیش کیجانے والی کسی بھی درخواست میں مداخلت کا حق ہوگا
- موجودہ شکایات کو موجودہ نظام کے تحت نمٹانے کیلئے تبدیلی کے مراحل کودرست کرنا

**ہیومن رائٹس ٹریبونل آف اونٹاریومیں زیادہ انصاف کو بڑھانے کیلئے مجوزہ ترامیم :**

- ٹریبونل کے کام اور طریقہ ہائے کارمیں اس کے سامنے پیش ہونے والے معاملات کو شفاف ، منصفانہ اورمعاملے کی نزاکت کے مطابق سریع فیصلے کرنے کے اصول درکارہیں
- اس بات کو یقینی بنانا کہ ٹریبونل کو ملنے والی تمام درخواستیں جو وقت پرہوں اور دائرہ اختیار میں ہوں، انہیں آخر کار فریقین کو زبانی بیان دینے کا موقع دئیے خارج نہ کیاجائے
- سماعت کے بغیردرخواست کو خارج کردینے کےٹریبونل کے اختیارات کو محدود کرنا
- ٹریبونل کے فیسیں مقرر اور وصول کرنے کے اختیارات کو ختم کرنا
- دعوی دائرکرنے کی حد کو بڑھا کر چھ ماہ سے ایک سال تک کررہے ہیں
- اس بات کو یقینی بنانے کیلئےکہ ٹریبونل میں قانون دان انسانی حقوق کاتجربہ رکھتے ہوں ۔

بل 107 میں مجوزہ ترامیم کے بارے میں ایک چارٹ درخواست کرنے پر دستیاب ہے۔

مجوزہ ہیومن رائٹس کوڈ ترامیم ایکٹ ، 2006ء کو جون 6، 2006ء میں پڑھا گیا تھا، اور یہ اس وقت جسٹس پالیسی کی سٹینڈنگ کمیٹی کے پاس ہے ۔

-30-

رابطے :
گریگ کرون ( Greg Crone)
دفتر وزیر ( Minister's Office)
**(416) 326-1785**

بریںڈن کرالے ( Brendan Crawley)
کمیونیکیشنز برانچ ( Communications Branch)
**(416) 326-2210**

www.attorneygeneral.jus.gov.on.ca

ٹیلیفون پر معلومات عامہ: **416-326-2220** یا **1-800-518-7901**

اس دستاویز کی عبارت سننے کیلئے، نابیناافراد اوپر دئیے ہوئے فون نمبروں پر کال کریں

ٹی ٹی وائی : **416-326-4012**

www.attorneygeneral.jus.gov.on.ca پر دستیاب ہوں گے ۔